Launch of brochure outlining India's priorities as part of campaign for UNSC elected seat

June 05, 2020

اقوام متحدہ کی سیکورٹی کونسل کی منتخب سیٹ کے لئے انتخابی مہم کے ایک حصے کے طور پر ہندوستان کی ترجیحات کا خاکہ پیش کرتے ہوئے کتابچہ کا آغاز

05 جون، 2020

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جیشنکر نے آج ایک بروشر کا آغاز کیا جس میں 17 جون 2020 کو ہونے والے انتخابات میں اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں ایک منتخب سیٹ کو حاصل کرنے کے لئے اپنی آئندہ مہم کے بارے میں ہندوستان کی ترجیحات کا خاکہ پیش کیا گیا ہے۔

ایشیاء پیسیفک گروپ کے ایک واحد حمایت یافتہ امیدوار کی حیثیت سے، ہندوستان کی امیدواریت کے کامیاب ہونے کا بہت امکان ہے۔ اس طور پر یہ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں ہندوستان کا آٹھویں بار انتخاب ہوگا۔ اس دو سالہ دورانیے کا آغاز جنوری 2021 میں ہوگا۔

وزیر خارجہ نے اپنے ریمارکس میں اس بین الاقوامی تناظر کا حوالہ دیا جس سے سلامتی کونسل کو نپٹنا ہو گا جس میں بین الاقوامی امن وسلامتی کے لئے نئے اور جاری روایتی چیلینجز دونوں شامل ہیں۔

جاری کووڈ وبائی مرض نے ایک پیچیدہ بین الاقوامی معاشی اور سیاسی ماحول میں مزید اہم کردار ادا کیا ہے، جس کے تحت مقامی، علاقائی اور عالمی چیلنجوں کے رسپانس کے لئے حکومتوں کی صلاحیت کو محدود کرنا بھی شامل ہے۔

ڈاکٹر جیشنکر نے اعتدال کی آواز، بات چیت کے حامی اور بین الاقوامی قانون کے پیروکار کے طور پر ہندوستان کے دیرینہ کردار پر زور دیا۔ انہوں نے بین الاقوامی تعلقات کے بارے میں ہندوستان کا اصولی نقطہ نظر پیش کیا، جسے ہندوستان کی خارجہ پالیسی اسٹیبلشمنٹ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں سامنے لائے گی اگر ایک بار بھارت کونسل کے دو سال کی مدت کے لئے منتخب ہوجاتا ہے۔

وزیر خارجہ کے ذریعہ ایک بروشر کے طور پر جاری کردہ ترجیحات کا پیپر، ہندوستان کے کلیدی ترجیحات کو درج ذیل طور پر واضح کرتا ہے:

i۔ ترقی کے لئے نئے مواقع

ii - بین الاقوامی دہشت گردی کا موثر رسپانس

iii- کثیر الجہتی نظام کی اصلاح

iv- بین الاقوامی امن وسلامتی کے لئے ایک جامع نقطہ نظر

v- حل فراہم کرنے کی حیثیت سے انسانیت کے جذبے کے ساتھ ٹکنالوجی کو فروغ دینا

ہندوستان کے نقطہ نظر کی رہنمائی "فائیو ایس" کے ذریعہ ہوگی، جیسا کہ وزیر اعظم نے بتایا:

- سمان (احترام)،
- v سمواد (ڈائیلاگ)،
- y سہیوگ (تعاون)، اور
- شانتی (امن)، عالمگیریت کے لئے حالات پیدا کرنا
- سمریدی (خوشحالی)

اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں اس دورانیے میں ہندوستان کا مجموعی مقصد N.O.R.M.S (ایک اصلاحی کثیر الجہتی نظام کے لئے ایک نیا اورینٹیشن) کو کامیاب بنانا ہے۔

نئی دہلی

05 جون، 2020

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.